سوال

(39) مظلوم کی موت بھی شہادت ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص غیر مسلم کمزور مسلمان کو مار رہا تھا تو زید نے اس کو منع کیا چنانچہ اس غیر مسلم نے زید کے سر پر کاری ضرب لگادی۔ اس ضرب سے وہ انتقال کرگیا اب سوال یہ ہے کہ زید شہید ہوا یا غیر شہید؟ (حافظ سلطان احمد)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایک قسم شہادت مظلومی کی موت ہے۔ ان معنی سے وہ شہید ہوا ہے لیکن اس کا غسل کفن جنازہ وغیرہ کیا جائے گا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص180

محدث فتویٰ